علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد

سطح: انٹرمیڈیٹ	سمسٹر: خزاں 2009ء
پرچہ: علم التعلیم (312)	کل نمبر: 100
وقت: تین گھنٹے	کامیابی کے نمبر: 40

نوٹ:۔ پانچ سوال حل کریں۔ پہلا سوال لازمی ہے۔

سوال نمبر	سوالات	نمبرز
سوال نمبر۔1	خالی جگہ پُر کیجئے۔ ۱۔ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔افراد کا وہ مجموعہ ہے جو اپنی زندگی مل جل کر گزارتا ہے۔ ۲۔ اسلام میں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ایک کثیر المقاصد مقام ہے۔ ۳۔ جسم کے افعال یا وظائف میں تبدیلی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کہلاتی ہے۔ ۴۔ بلوغت کے دور میں ہونے والی تبدیلیاں بچوں کو ۔۔۔۔۔۔۔۔میں مبتلا کر دیتی ہیں۔ ۵۔ جسمانی لحاظ سے کمزور بالغ ۔۔۔۔۔۔۔۔تعلقات استوار کرنے میں دشواری محسوس کرتے ہیں۔ ۶۔ بچوں کی ذہنی سطح کا اندازہ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔سے لگایا جا سکتا ہے۔ ۷۔ کسی عمل کے ردعمل کے طور پر اگر حوصلہ افزائی ہو یا راحت ملے تو اسے ہم ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کہتے ہیں۔ ۸۔ کردار کی تعمیر میں ایک اچھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔فیصلہ کن کردار ادا کرتا ہے۔ ۹۔ نئے نصاب اور کتابوں سے متعلق اساتذہ کی تربیت کی ذمہ داری ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کی ہے۔ ۱۰۔ اچانک اور ناگہانی تبدیلی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کا مرکز بنتی ہے۔	(20)
سوال نمبر۔2	ثقافت کے مادی اور غیر مادی پہلوؤں کو اجاگر کرتے ہوئے وضاحت کیجئے کہ ثقافتی اجزاء کی آئندہ نسلوں تک منتقلی کیسے ممکن ہے؟	(20)
سوال نمبر۔3	تعلیمی نفسیات کی تعریف کیجئے۔ وضاحت کیجئے کہ تعلیمی نفسیات کے قابل ذکر مطالعے کے کون کون سے طریقے ہیں جن سے معلم کو تعلیمی مسائل حل کرنے میں مدد ملتی ہے؟	(20)
سوال نمبر۔4	انفرادی اختلافات کی تعلیم میں کیا اہمیت ہے؟ وضاحت کیجئے نیز غیر معمولی فطرت کے بچوں کی اقسام اور ان کے لیے رائج تدریسی طریقوں کو مختصراً تحریر کیجئے۔	(20)
سوال نمبر۔5	شخصیت کا بنیادی مفہوم بیان کیجئے۔ اس کے عوامل کون کون سے ہیں؟ ہر ایک کی مثالوں سے وضاحت کیجئے۔	(20)
سوال نمبر۔6	اساتذہ کی پیشہ ورانہ تربیت کیوں ضروری ہے؟ وضاحت کیجئے۔ یہ بھی تحریر کیجئے کہ مفید اور کارآمد تربیت کے لیے کن باتوں کا خیال رکھنا چاہیے؟	(20)
سوال نمبر۔7	مرسل (Mursell) کے مستند تدریسی اصول پر جامع نوٹ لکھیں۔	(20)
سوال نمبر۔8	جائزے سے کیا مراد ہے؟ اس کے مختلف طریقوں کی وضاحت کیجئے۔	(20)

****